اخبار الجامعہ

جناب محمد اسلم شاہدروی
متعلم جامعہ

اہل حدیث یوتھ فورس جہلم کے ضلعی یونٹ کی تشکیل

اہل حدیث یوتھ فورس جہلم کا ضلعی یونٹ تشکیل دینے کے لیے مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم و انجمن اہل حدیث جہلم کا ایک مشترکہ اجلاس زیر صدارت نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان و رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی جامعہ علوم اثریہ کے میٹنگ ہال میں منعقد ہوا۔ جس میں جامع مسجد علیہ اہل حدیث سول لائن کے خطیب مولانا محمد صبیح الدین، مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی، مدیر جامعہ اثریہ للبنات حافظ احمد حقیق، صدر انجمن اہل حدیث جہلم سید یونس علی شاہ بخاری ایڈووکیٹ ہسیکرٹری جنرل شیخ محمد اسحاق، راجہ انار گل ایڈووکیٹ، مولانا عطا اللہ ثاقب، حافظ اخلاق احمد کے علاوہ جمعیۃ اہل حدیث جہلم شہر کے مختلف مراکز کے نمائندہ وفود نے بھرپور شرکت کی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی نے دنیاوی اُمور کی انجام ہی کے ساتھ ساتھ دینی فرائض کی بجا آوری پر بھی زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ عمل کے بغیر آخرت میں کامیابی ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں ہی ہماری دینی و اخروی کامیابی ہے۔ اجلاس سے مولانا محمد صبیح الدین نے بھی خطاب کیا، انھوں نے اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے کام کرنے کی ضرورت کا احساس دلایا چنانچہ تمام نوجوانوں نے اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے کام کرنے کا عہد کیا۔

آخر میں علامہ مدنی نے جہلم میں اہل حدیث یوتھ فورس کی تنظیم قائم کرنے کی منظوری دی، اور ابتدائی طور پر چھ ماہ کے لیے عبوری کابینہ نامزد کی، جس کے مطابق درج ذیل عہدیداران کا اعلان کیا گیا۔

(نگران) شیخ محمد اعجاز (صدر) شیخ محمد یوسف گوالیاری (نائب صدر اول) چوہدری عبدالباسط

(نائب صدر دوم) محمد جمیل (سیکرٹری جنرل) عمران صادق (جائنٹ سیکرٹری) خرم سیف (خازن) تنویر احمد (نائب خازن) محمد عبد اللہ (رابطہ سیکرٹری) مرزا عبدالقدوس (معاون رابطہ سیکرٹری) محمد افضل (پریس سیکرٹری) ندیم احمد (معاون) عمر راشد۔ ؎

اس مرکزی تنظیم کی تشکیل کے بعد شہر بھر میں تمام مساجد اہل حدیث اور محلوں اور کالونیوں میں ذیلی یونٹ تشکیل دے دیے گئے ہیں۔ اسی طرح ضلع بھر میں گاؤں گاؤں، قریہ قریہ تنظیم سازی کا کام شروع کر دیا گیا ہے، جس کے بڑے حوصلہ افزا نتائج سامنے آرہے ہیں۔

؎ مذکورہ خبر روزنامہ "نوائے وقت" راولپنڈی، روزنامہ "جنگ" لاہور، روزنامہ "جنگ" راولپنڈی، روزنامہ "پاکستان" لاہور، روزنامہ "خبریں" لاہور، روزنامہ "وفاق" لاہور کی ۲۰ر جون ۱۹۹۴ء کی اشاعتوں میں شامل ہوئی۔

طلباء جامعہ کا تقریری مقابلہ

گزشتہ دنوں جامعہ علومِ اثریہ جہلم کے طلباء کے درمیان ماہانہ علمی تقریری مقابلہ "شہادتِ حسین رضی اللہ عنہ میں یزید کا کردار" کے موضوع پر رئیس الجامعۃ حضرت علامہ محمد مدنی صاحب نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کی زیرِ سرپرستی منعقد ہوا۔ مدرسینِ جامعہ حافظ عبدالرحیم صاحب، مولانا مظفر صاحب اور مولانا محمد افضل صاحب نے منصفین کے فرائض سرانجام دیے۔ تمام کلاسوں کے طلباء نے بھرپور تیاری اور جوش و خروش سے پروگرام میں حصہ لیا اور مذکورہ موضوع پر کھل کر اظہارِ خیال کیا۔ منصفین کے فیصلہ کے مطابق:

منیر احمد وقار نے اول ــــ غلام مصطفیٰ ظہیر نے دوم ــــ محمد اعجاز سلفی نے سوم اور عبدالمنان راسخ نے چوتھی پوزیشن حاصل کی ــــ یہ پروگرام جامعہ کے مدیر التعلیم حضرت مولانا محمد اکرم جمیل صاحب کی دعائے خیر پر اختتام پذیر ہوا۔

(محمد اسلم شاہدروی ــــ جامعہ علوم اثریہ جہلم)